# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 15 August-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۵/اگست ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ 40 کروڑ عوام ملک کو آزادی دلا سکتی ہے تو 140 کروڑ عوام کا 2047 تک ترقی یافتہ بھارت کا ہدف بھی ممکن: وزیرِ اعظم کا قوم سے خطاب۔

☆ ملک بھر میں یومِ آزادی پر جوش و خروش؛ دہلی میں لال قلعہ کی فصیل پر وزیرِ اعظم نریندر مودی کے ہاتھوں پرچم کشائی۔

☆ سماجی جمہوریت ہی سیاسی جمہوریت کی اساس ہے: صدرِ جمہوریہ درَوپدی مُرمو کا قوم سے خطاب۔

☆ یومِ آزادی کے موقع پر خدمت و شجاعت تمغوں کا اعلان؛ ریاست کے 59 ملازمین بھی شامل۔

☆ ریاست میں ماحول دوست گنیش اُتسو منانے کی وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کی اپیل۔

☆ واشم اور ہنگولی اضلاع کی خواتین میں وزیرِ اعلیٰ ماجھی لاڑکی بہن اسکیم کی پہلی قسط تقسیم۔

اور۔۔۔☆ ریاستی حکومت کی ثقافتی اُمور وزارت کی جانب سے فلمی ایوارڈز کا اعلان۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کی 40 کروڑ عوام اگر آزادی حاصل کر سکتے ہیں تو 140 کروڑ عوام 2047 تک ترقی یافتہ بھارت کے ہدف کا خواب بھی پورا کر سکتے ہیں۔ کیونکہ ہماری رَگوں میں بھی ان ہی کا خون ہے، جنھوں نے آزادی کا خواب دیکھا تھا' جدوجہد کی اور دنیا کی ایک بڑی سامراجی طاقت کو اُکھاڑ پھینکا اور اپنا ہدف حاصل کیا۔ ملک کے 78 ویں یومِ آزادی کے موقع پر وزیرِ اعظم دہلی کے تاریخی لال قلعے کی فصیل سے پرچم کشائی کے بعد قوم سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا:

*"آزادی کے پُورو َ40 کروڑ دیش واسیوں نے وہ جذبہ دکھایا' وہ سامرتھ دکھایا' دنیا کی مہاستہ کو اُکھاڑ کر کے پھینک دیا تھا' غلامی کی زنجیروں کو توڑ دیا تھا' اگر 40 کروڑ آزادی کے سپنے کو پُورن کر سکتے ہیں تو 140 کروڑ میرے پریوار جن اگر سنکلپ لیکر کے چل پڑتے ہیں تو چنوتیاں کتنی بھی کیوں نہ ہوں ہر چنوتی کو پار کرتے ہوئے ہم 2047 وِکست بھارت کا لکشیے پراپت کر سکتے ہیں۔"*

وزیرِ اعظم نے اپنی تقریر میں خواتین کے تحفظ و استحکام، تعلیم، کھیل، غیر ملکی سرمایہ کاری، برآمدات، دفاعی اسلحہ و آلات کی تیاری اور شمسی توانائی جیسے موضوعات کا بھی اپنی تقریر میں ذکر کیا۔

نریندر مودی نے کہا کہ وہ پڑوسی ممالک میں امن کے خواہاں ہیں۔ بنگلہ دیش کے حالات کا ذکر کرتے ہوئے انھوں نے اُمید ظاہر کی کہ وہاں حالات جلد معمول پر آجائیں گے۔ ملک کی عدالتِ عظمیٰ کے فیصلوں کا ذکر کرتے ہوے وزیرِ اعظم نے کہا کہ ملک میں یکساں سول کوڈ کے قیام کی وکالت کی گئی ہے اور ایک بہت بڑا طبقہ ایسا ہے جو ملک میں سیکولر سول کوڈ کے قیام کا خواہاں ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ملک کو فرقہ پرستی اور اقرباء پروری کی سیاست سے نجات دلانے کیلئے ایک لاکھ ایسے نوجوانوں کو سیاست میں سرگرم کیا جائیگا، جن کا کوئی سیاسی پس منظر نہ ہو۔

جشنِ آزادی کی اس تقریب میں شرکت کیلئے مرکزی حکومت نے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو مدعو کیا۔ ان میں مہاراشٹر کے 123 افراد شامل ہیں۔ جن میں چھترپتی سمبھا جی نگر کی ساریکا دھنیہ کمار جین' جالنہ ضلعے کے بدنا پور تعلقے کے ڈھاسلہ گرام پنچایت کے سرپنچ رام پاٹل اور ان کی اہلیہ ورشا رانی پاٹل، پرتور تعلقے کے رمیش بھا یکر اور اُن کی اہلیہ پوجا بھا یکر کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔

***** ***** *****

وزیرِاعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں منترالیہ میں اور گورنر سی پی رادھا کرشنن کے ہاتھوں پونا کے ودھان بھون میں پرچم کشائی عمل میں آئی۔ وزیرِ اعلیٰ نے پرچم کشائی کے بعد اپنے خطاب میں کہا کہ معاشرے کی ہمہ گیر ترقی ہی حقیقی جمہوریت ہے۔

اس کے علاوہ مراٹھواڑہ کے تمام اضلاع میں بھی 78 ویں یومِ آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی گئی۔ چھترپتی سمبھا جی نگر میں ڈویژنل کمشنر دفتر پر پرچم کشائی کی مرکزی تقریب اب سے کچھ دیر قبل منعقد کی گئی۔ جہاں ریاست کے مارکیٹنگ' اقلیتوں کی بہبود اور اوقاف کے وزیر نیز ضلع کے رابطہ وزیر عبدالستار کے ہاتھوں پرچم کشائی عمل میں آئی۔ اس موقع پر ڈویژنل کمشنر دلیپ گاوڑے' ضلع کلکٹر دلیپ سوامی سمیت اہم شخصیات موجود تھیں۔

گورنر رادھا کرشنن نے عوام کو یومِ آزادی کی مبارکباد پیش کی ہے۔

***** ***** *****

صدرِ جمہوریہ دَرَوپدی مُرمو نے کہا ہے کہ سماجی جمہوریت ہی سیاسی جمہوریت کی بنیاد ہے۔ کل یومِ آزادی سے قبل کی شام روایت کے مطابق قوم سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر نے سماجی جمہوریت کی اہمیت پر زور دیا اور ڈاکٹر امبیڈکر کے ان الفاظ کو یاد رکھنا ہوگا کہ ہمیں اپنی سیاسی جمہوریت کو سماجی جمہوریت بھی بنانا چاہیے اور جمہوریت اس وقت باقی نہیں رہ سکتی جب تک سماجی جمہوریت اس کی بنیاد نہ ہو۔ زراعت' کھیل' خلائی سائنس' بنیادی ڈھانچے، خواتین کے استحکام' سماجی انصاف وغیرہ کا بھی صدرِ جمہوریہ نے اپنی تقریر میں ذکر کیا۔ عالمی درجۂ حرارت میں اضافے کے سلسلے میں بھارت کی جانب سے کیے جارہے اقدامات کی انھوں نے ستائش کی اور ترغیب دی کہ عوام بھی اس میدان میں اعانت کریں۔

***** ***** *****

یومِ آزادی کے موقع پر محکمۂ پولس، دستۂ آتش فرو، ہوم گارڈ، شہری تحفظ اور دیگر شعبوں کے ایک ہزار 37 اہلکاروں کیلئے خدمات اور شجاعت تمغوں کا اعلان کیا گیا ہے۔ ان میں مہاراشٹر کے مختلف خدمات میں برسرِ کار 59 ملازمین شامل ہیں۔ ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولس انوج تارے کو تمغۂ شجاعت دیا جائیگا اور ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل چرنجیو پرساد' ڈائریکٹر راجندر دھاڑے اور معاون پولس کمشنر ستیش گوویکر کو پرم سیوا میڈل دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ چھترپتی سمبھا جی نگر میں برسرِ ملازمت معاون پی ایس آئی دوارکا داس بھانگے کو توصیفی تمغہ دیا جائیگا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے اپیل کی ہے کہ ریاست میں ماحول دوست گنیش اُتسو منایا جائے۔کل ممبئی میں منعقدہ جائزہ اجلاس سے وہ خطاب کررہے تھے۔ ریاست بھرمیں گنیش اُتسو کے آغاز اور وسرجن کے راستوں پر گڑھے فی الفور بند کرنے‘ وسرجن کیلئے مصنوعی تالابوں کی تعداد میں اضافے اور دیگر ہدایات بھی اس موقع پر وزیرِ اعلیٰ نے اس موقع پر جاری کیں۔گنیش اُتسو منانے کیلئے گاؤں جانے والے بھکتوں کیلئے اس بار بھی ٹول ٹیکس معاف کرنے کا اعلان وزیرِ اعلیٰ نے کیا۔

***** ***** *****

اغذیہ اور بلدی رسد محکمے نے ماہِ جولائی اور اگست کیلئے اناج کی تقسیم کو آف لائن طرز پر کرنے کو منظوری دے دی ہے۔گذشتہ چند دنوں سے ای - پاس طریقۂ کار میں تکنیکی خرابی کے باعث راشٹریہ اَنّ سرکشا یوجنا کے تحت راشن تقسیم نہیں کیا جاسکا تھا۔اس سمت حکومت کی توجہ مبذول کروانے کیلئے رسدی نظام کے تحت آنے والے دکانداروں نے مظاہرے بھی کیے تھے۔تکنیکی دشواریوں کے باعث ضرورت مند عوام محروم نہ رہیں اس لیے حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے۔

***** ***** *****

مکھیہ منتری لاڈکی بہن اسکیم کی پہلی قسط ہنگولی ضلع کی خواتین کے کھاتوں میں جمع ہوچکی ہے۔اس کے علاوہ واشم ضلع میں بھی اس اسکیم کے تحت اہل خواتین کے بینک کھاتوں میں کل تین ہزار روپئے فی کس جمع کیے گئے۔یومِ آزادی اور رکشا بندھن تہوار کے پیشِ نظر ملنے والی اس امداد پر خواتین میں خوشی کا ماحول ہے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے شعبۂ ثقافتی اُمور نے فلمی ایوارڈز کا اعلان کردیا ہے۔ چترپتی وی شانتا رام لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ بزرگ اداکار شیواجی ساٹم کو اور آنجہانی راج کپور لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ اداکارہ آشا پاریکھ کو دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ چترپتی وی شانتارام گرانقدر تعاون ایوارڈ، کہانی نویس، ہدایت کار، اور اداکار دِگ پال لانجیکر کو اور آنجہانی راج کپور گرانقدر تعاون ایوارڈ بزرگ مصنف اور ہدایت کار راین چندرا کو دیا جائیگا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں ضلع کلکٹر دلیپ سوامی کی موجودگی میں کل ضلع کلکٹر دفتر میں تمام سول افسران و ملازمین کو ترنگا تقسیم کیا گیا۔اس موقع پر منعقدہ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے دلیپ سوامی نے کہا کہ ہر ایک شخص کو ملک کو سرِ فہرست رکھ کر ملک کے تئیں اپنے فرائض کو ادا کرنا چاہیے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع کے نلدرگ میں امرت یوجنا کے دوسرے مرحلے کے تحت منظور شدہ نئے آبرسانی کے مختلف کاموں کا سنگِ بنیاد رکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل کے ہاتھوں رکھا گیا۔اس موقع پر انھوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ اس آبرسانی اسکیم سے شہریوں کو روزانہ پانی مل سکے گا۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کی شیوسوراجیہ یاترا کل لاتور ضلع میں داخل ہوئی۔اس یاترا کے درمیان مراٹھا ریزرویشن کارکنوں نے رکنِ پارلیمان سپریہ سُرڑے کے قافلے کو روک کر مراٹھا سماج کو او بی سی زمرے سے ریزرویشن کے مسئلے پر اُن کے مؤقف کی وضاحت کا مطالبہ کیا۔ بعدازاں احمد پور میں بھی سپریہ سُرڑے کے جلسے کے درمیان مراٹھا کارکن براہِ راست اسٹیج پر پہنچ گئے اور مائیک پر قبضہ کرکے اسی مطالبے کا اعادہ کیا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں:::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ **40 کروڑ عوام ملک کو آزادی دلاسکتی ہے تو140 کروڑ عوام کا2047 تک ترقی یافتہ بھارت کا ہدف بھی ممکن: وزیرِ اعظم کا قوم سے خطاب۔**
- ☆ **ملک بھر میں یومِ آزادی پر جوش وخروش؛ دہلی میں لال قلعہ کی فصیل پر وزیرِ اعظم نریندر مودی کے ہاتھوں پرچم کشائی۔**
- ☆ سماجی جمہوریت ہی سیاسی جمہوریت کی اساس ہے: صدرِ جمہوریہ درَوپدی مُرمو کا قوم سے خطاب۔
- ☆ یومِ آزادی کے موقع پر خدمت وشجاعت تمغوں کا اعلان؛ ریاست کے 59 ملازمین بھی شامل۔
- ☆ ریاست میں ماحول دوست گنیش اُتسو منانے کی وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کی اپیل۔
- ☆ واشم اور ہنگولی اضلاع کی خواتین میں وزیرِ اعلیٰ ماجھی لاڑکی بہن اسکیم کی پہلی قسط تقسیم۔

اور۔۔۔☆ ریاستی حکومت کی ثقافتی اُمور وزارت کی جانب سے فلمی ایوارڈز کا اعلان۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****